

# INVOKANA® کے ساتھ شروعات کرنا

## INVOKANA® غذا اور ورزش کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے...

ٹائپ 2 ذیابیطس والے بالغوں میں:

- بلڈ شوگر کی سطح کو بہتر بنانے کے لیے

ٹائپ 2 ذیابیطس کے مریض اور دل کی بیماری کے زیادہ خطرے کی زد میں بالغوں میں مندرجہ ذیل خطرات کو کم کرنے کے لیے:

- آپ کے دل یا خون کی نالیوں سے متعلقہ حادثات میں موت
- غیر مہلک دل کے دورے پڑنا
- غیر مہلک فالج ہونا

ٹائپ 2 ذیابیطس اور ذیابیطس کی وجہ سے گردوں کے مریض بالغوں میں مندرجہ ذیل خطرات کو کم کرنے کے لیے:

- گروں کے فعل کا اس حد تک خراب ہو جانا جہاں آپ کے گردے ناکارہ ہو جائیں اور آپ کو ڈائلیسز کی ضرورت پڑے
- آپ کے دل یا خون کی رگوں میں متعلق حادثات میں موت

PrInvokana®
canagliflozin tablets

# INVOKANA® ٹائپ 2 ذیابیطس میں

ٹائپ 2 ذیابیطس ایک ایسی حالت ہے جس میں آپ کا جسم مناسب انسولین نہیں بناتا، اور / یا آپ کا جسم جو انسولین بناتا ہے اسے اتنی اچھی طرح استعمال نہیں کرتا جتنا اسے کرنا چاہیئے۔ جب ایسا ہوتا ہے تو، شوگر خون میں جمع ہو جاتی ہے۔ اس کے نتیجے میں سنگین مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔

**ٹائپ 2 ذیابیطس والے بالغوں میں غذا اور ورزش کے علاوہ INVOKANA® کو بلڈ شوگر کی سطح کو بہتر بنانے کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے:**

- تنہا، ان لوگوں میں جو میٹفارمین نہیں لے سکتے
- میٹفارمین کے ہمراہ
- سلفونی لوریہ کے ہمراہ
- میٹفارمین اور سلفونی لوریہ کے ہمراہ
- میٹفارمین اور پیوگلیٹازون کے ہمراہ
- میٹفارمن اور سیٹاگلیپٹن کے ہمراہ
- انسولین کے ساتھ (میٹفارمن کے ہمراہ یا بغیر)

**اگر آپ کو ٹائپ 2 ذیابیطس ہے اور آپ کے دل یا خون کی نالیوں کی وجہ سے صحت کے مسائل ہیں (یا ہوسکتے ہیں) تو، INVOKANA® کو اپنے مندرجہ ذیل کے خطرے کو کم کرنے کے لئے غذا اور ورزش کے ہمراہ استعمال کیا جاسکتا ہے:**

- متعلقہ حادثات سے موت
- کوئی غیر مہلک دل کے دورے پڑنا
- غیر مہلک فالج ہونا

**اگر آپ کو ٹائپ 2 ذیابیطس ہے اور آپ کی ذیابیطس کے نتیجے میں آپ کے گردے خراب ہوگئے ہیں تو، INVOKANA® کو اپنے مندرجہ ذیل خطرے کو کم کرنے کے لئے غذا اور ورزش کے ہمراہ استعمال کیا جاسکتا ہے:**

- گردے کے فعل کا اس حد تک خراب ہو جانا جہاں گردے ناکارہ ہو جاتے ہیں اور آپ کو ڈائلیسز کی ضرورت ہوتی ہے
- آپ کے دل یا رگوں سے متعلقہ امراض سے موت واقع ہونا

# اپنے دن کی شروعات ®INVOKANA کے ساتھ کریں

## ®INVOKANA کو دن میں ایک بار استعمال کیا جا سکتا ہے۔ بہتر یہ ہے کہ:

- صبح ناشتے سے پہلے ®INVOKANA لیں
- دوا کو پانی کے ساتھ نگل لیں
- کوشش کریں کہ روزانہ ایک ہی وقت پر لی جائے

®INVOKANA کو کھانے کے ہمراہ یا بغیر لیا جاسکتا ہے۔ معمول کی ابتدائی خوراک 100 ملی گرام ہے۔ آپ کا ڈاکٹر آپ کی خوراک میں 300 ملی گرام تک اضافہ کرسکتا ہے، لیکن اگر آپ کو گردے کی خرابی کا مرض ہو تو آپ کی خوراک 100 ملی گرام ہی تک رہ سکتی ہے۔ ®INVOKANA شروع کرنے سے پہلے، آپ کا ڈاکٹر یہ دیکھنے کے لیے ٹیسٹ کرائے گا کہ آپ کے گردے کتنے اچھے انداز میں کام کررہے ہیں۔

اپنے ڈاکٹر یا فارماسسٹ کو ان کسی بھی ادویات یا بغیر نسخے کے ملنے والی مصنوعات کے متعلق بتائیں جو آپ لے رہے ہیں، حال ہی میں لے چکے ہیں، یا لے سکتے ہیں۔ ®INVOKANA دیگر ادویات پر اثرانداز ہو سکتی ہے، بشمول


- ڈائیجوکسن، ایک دوا جو دل کے مسائل کے علاج کے لئے استعمال ہوتی ہے
- فیوروسیمائڈ یا دیگر ڈایوریٹکس (پانی کی گولیاں)
- انجیوٹینسن بدلنے والا ینجائم (ACE) روکنے والا یا انجیوٹینسن ریسپٹر بلاکر (اے آر بی) (آپ کا بلڈ پریشر کم کرنے کے لیے)
- انسولین یا ایک سلفونائیلوریا (جیسے گلیمیپرائڈ ،گلیکلزائڈ، یا گلیبرائڈ)
- کاربامازیپائن، فینیٹوئن، یا فینوباربیٹل
- ایفیورنز یا رتناویر
- ریفامپن
- سینٹ جانز وارٹ




# INVOKANA® کس طرح کام کرتی ہے

## INVOKANA® آپ کے جسم سے شوگر کو ختم کرنے میں مدد کرتی ہے

عام طور پر، گردوں سے شوگر کو فلٹر کیے جانے کے بعد، اس کا تقریبا سارا حصہ خون میں (دوبارہ ڈال دیا جاتا ہے) دوبارہ جذب ہوجاتا ہے۔ INVOKANA® پیشاب کے راستے نکل جانے والی شوگر کی مقدار میں اضافہ کر کے شوگر کی اس مقدار کو کم کرتی ہے جس کو جسم میں واپس جانے کی اجازت ہوتی ہے۔





گردہ
شوگر گردے
میں جاتی ہے
شوگر
خون
پیشاب

## INVOKANA® کے دو بہت عام مضر اثرات کا بندوبست کرنے میں مدد کی حکمتِ عملیاں

جیسے کسی بھی دوا میں ہوتا ہے، آپ کو ®INVOKANA لیتے ہوئے مضر اثرات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ سلفونائیلوریا یا انسولین کے مرکب لینے والے افراد کی بلڈ شوگر کم ہو سکتی ہے (جسے "ہائپوگلائسیمیا بھی کہا جاتا ہے) ®INVOKANA سے بھی اندامِ نہانی میں خمیر بننے کا انفیکشن ممکن ہیں۔ اگر آپ کو ان مضر اثرات کی علامات نظر آئیں تو **اپنے ڈاکٹر یا فارماسسٹ کو بتائیں۔**

### خمیر بننے کے انفیکشنز سے بچنے میں مدد کے لیے تجاویز:

- سوتی انڈرویئر پہنیں۔
- جتنی جلدی ہو سکے، گیلے کپڑے، جیسے سوئمنگ سوٹ یا ورزش والے کپڑے تبدیل کریں۔
- گرم ٹبوں اور بہت گرم حماموں سے دور رہیں۔

اندامِ نہانی میں خمیر بننے کے انفیکشن کی علامات میں اندامِ نہانی کی بدبو، سفید یا پیلے رنگ کی رطوبت کا اخراج، اور/یا خارش ہونا شامل ہیں۔

### اگر آپ کی بلڈ شوگر کم ہو جائے تو کیا کرنا ہے:

**1.** تیزی سے عمل کرنے والے (15 گرام) کاربوہائیڈریٹ کھائیں یا پئیں، جیسے کہ شہد کا 1 کھانے کا چمچ، 6 ®LifeSavers، یا 150 ملی لٹر جوس یا سافٹ ڈرنک۔

**2.** 15 منٹ تک انتظار کریں پھر بلڈ شوگر چیک کریں۔ اگر بلڈ شوگر اب بھی کم ہے

(4.0 mmol/L سے کم)، ان 2 مراحل کو دوہرائیں

**3.** جب آپ کی بلڈ شوگر 4.0 mmol/L سے زیادہ ہو جائے، تو اگر آپ کے اگلے کھانے کا وقت ایک گھنٹے کے اندر اندر نہ ہو تو کوئی ہلکی پھلکی چیز کھا لیں جس میں پروٹین اور نشاستہ دونوں شامل ہوں (جیسے کہ پنیر کا ایک ٹکڑا اور 7 بسکٹ)۔

بلڈ شوگر کم ہونے کی علامات میں کپکپی طاری ہونا، پسینہ آنا، رنگ پیلا پڑ جانا، دل کی دھڑکن تیز ہونا، ٹھیک نظر نہ آنا، بھوک لگنا، سردرد، مزاج میں تبدیلی، اور بے چینی یا اضطراب کا احساس شامل ہیں۔ توجہ فرمائیں کہ اگر آپ سلفونائیلوریا یا انسولین بھی لے رہے ہیں تو شوگر کم ہونے کا زیادہ امکان ہوتا ہے۔



# ®INVOKANA کے دوسرے ممکنہ مضر اثرات

**اگر آپ کو مندرجہ ذیل دیگر ممکنہ مضر اثرات محسوس ہوتے ہیں تو اپنے ڈاکٹر یا فارماسسٹ سے بات کریں:**

## عام مضر اثرات

- عضوِ تناسل میں خمیر بننے کی انفیکشن (سرخی، سوجن، عضوِ تناسل کے سرے (قشفہ) میں خارش؛ غیر ختنہ شدہ جھلی کے نیچے ڈلی دار مواد کا اخراج؛ بدبُو؛ پیشاب کرتے وقت یا مباشرت کے دوران تکلیف ہونا)
- پیشاب کی نالی میں انفیکشن ( پیشاب کرتے وقت جلن کا احساس؛ کمر یا درمیانی پیٹھ میں درد، پیشاب کے تقاضے میں اضافہ)
- قبض
- ہڈی فریکچر (ٹوٹی ہوئی ہڈیاں)
- جلد کے السر جلد پھٹنا یا زخم بن جانا، زیادہ تر ٹانگ کے نچلے حصے میں

## غیر معمولی مضر اثرات

- رگوں کا بند یا تنگ ہونا، جسے "پیریفرل اسکیمیا" کہا جاتا ہے (چلتے وقت ٹانگ میں درد جو آرام کرنے پر ٹھیک ہو جاتا ہے؛ خون کے دورے کی خرابی؛ رنگت کا نیلا، سرد پڑ جانا؛ ناخنوں اور بالوں کی خراب نشوونما)
- پانی کی کمی (بہت پیاس، کمزوری، یا تھکاوٹ محسوس کرنا؛ پیشاب کم آنا یا بالکل نہ آنا؛ دل کی تیز دھڑکن)
- کم بلڈ پریشر (چکر آنا، بے ہوشی، یا ہلکا پن یہ اس وقت محسوس ہوسکتے ہیں جب آپ لیٹنے کے بعد بیٹھتے یا کھڑے ہوتے ہیں)
- گردوں کے مسائل (متلی؛ قے؛ دست؛ پٹھوں کا چڑھنا؛ ٹانگوں، ٹخنوں، پاؤں، چہرے، اور/یا ہاتھوں میں سوجن، سانس اکھڑنا، پیشاب کی کثرت اور رنگت اور مقدار کا تبدیل ہونا)

®INVOKANA لیتے ہوئے اگر آپ کی جلد پر سرخ نشانات پڑ جائیں یا چھپاکی نکل آئے (ایک غیر معمولی مضر اثر) تو، اسے لینا چھوڑ دیں اور اپنے ڈاکٹر یا فارماسسٹ سے رابطہ کریں۔ لبلبے کی سوزش (ایک شاذونادر ہونے والا مضر اثر جسے "پین کریٹیٹیز" کہا جاتا ہے، ایسی علامات کے ساتھ جن میں شامل ہے شدید پیٹ درد جو دیر تک رہتا ہے اور جب آپ لیٹتے ہیں تو، اور شدید ہو جاتا ہے، متلی، قے ہونا) اپنے ڈاکٹر یا فارماسسٹ کو فون کرنے کی ایک اور وجہ ہے۔

اگر آپ کو کسی ایسے مضر اثرات کا سامنا کرنا پڑتا ہے جو اس فہرست میں شامل نہیں ہیں، یا اگر آپ کو ایک بڑی سرجری، سنگین انفیکشن، یا سنگین طبّی بیماری کے لیے ہسپتال میں داخل ہونے کی ضرورت ہے تو بھی آپ کو اپنے ڈاکٹر کو بتانا چاہیئے۔

## اہم حفاظتی معلومات

**INVOKANA® لینے سے پہلے اپنے ڈاکٹر یا فارماسسٹ سے بات کریں اگر آپ:**

- میں ذیابیطس کیٹواسائیڈوسس (یا "DKA"، ذیابیطس کی ایک پیچیدگی) پیدا ہونے کا زیادہ امکان ہے، بشمول اگر آپ:
  - ○ کے بدن میں پانی کی کمی ہے یا ضرورت سے زیادہ قے، دست، یا پسینہ آ رہا ہے؛
  - ○ بہت کم کاربوہائیڈریٹ والی غذا پر ہیں؛
  - ○ کچھ دیر سے روزے رکھتے رہے ہیں؛
  - ○ کم کھا رہے ہیں، یا آپ کی غذا میں کوئی تبدیلی ہے؛
  - ○ بہت شراب پیتے ہیں؛
  - ○ آپ کے لبلبے میں کوئی مسائل ہیں یا رہ چکے ہیں؛
  - ○ بڑی سرجری، سنگین انفیکشن، یا سنگین طبّی بیماریوں کے لئے اسپتال میں داخل ہیں یا کوئی بڑی سرجری ہونے والی ہے؛
  - ○ بہت جلد ظاہر ہونے والی کوئی بیماری ہے؛
  - ○ انسولین کی خوراک میں اچانک کمی آئی؛
  - ○ ذیابیطس کی وجہ سے گردے کی بیماری ہے؛
  - ○ (DKA) کی ایک تاریخ رہی ہے۔
- کے قطع عضو کی ضرورت کا امکان بڑھ جاتا ہے، بشمول اگر آپ:
  - ○ کی قطع عضو کی ایک تاریخ رہی ہے؛
  - ○ میں دل کی بیماری ہو یا دل کی بیماری ہونے کا خطرہ ہو؛
  - ○ کی رگیں بند یا تنگ ہو گئی ہیں، عموماً ٹانگ کی؛
  - ○ کی ٹانگ کے اعصاب کو نقصان پہنچا ہے؛
  - ○ کے پاؤں میں السر یا زخم ہیں جو ذیابیطس کے مریضوں کے پاؤں میں ہو جاتے ہیں؛
  - ○ کے نچلے دھڑ میں انفیکشن ہے؛
  - ○ کے جسم میں پانی کی کمی ہے۔
- کا بلڈ پریشر کم ہے رہا ہے (جس کو "ہائپو ٹینشن" بھی کہا جاتا ہے)اور آپ اپنے جسم سے فالتو پانی نکالنے کے لیے ادویات لے رہے ہیں (جنھیں "ڈیوریٹکس" یا پانی کی گولیاں کہتے ہیں) یا اپنا بلڈ پریشر کم کرنے کے لیے ادویات (جیسے کہ اینجیوٹینسن بدلنے والے انزائم روکنے والے یا اینجیوٹینسن ریسپٹر بلاکرز) لے رہے ہیں۔ ان دواؤں میں سے کسی کے ساتھ INVOKANA® استعمال کرنے سے پانی کی کمی اور / یا کم بلڈ پریشر کا خطرہ بڑھ سکتا ہے
- کی عمر 65 سال سے زیادہ ہے
- اپنے بلڈ شوگر کو کم کرنے کے لیے دوائیں لے رہے ہیں۔ ڈرائیونگ کرتے وقت یا بھاری مشینری استعمال کرتے وقت بلڈ شوگر کم ہونے کے امکان سے بچنے کے لئے احتیاطی تدابیر اختیار کریں
- درد کا علاج کرنے اور سوزش اور بخار کو کم کرنے کے لئے استعمال ہونے والی دوائیں‌لے رہے ہیں (جسے غیر سٹرائڈئل اینٹی سوزش دوائیں یا "NSAIDs" کہا جاتا ہے)۔ INVOKANA® کو ان دوائیوں کے ساتھ لینے سے گردوں کے مسائل کا خطرہ بڑھ سکتا ہے
- کو جگر کے مسائل ہیں
- کو دل کے مسائل ہیں
- دودھ میں پائی جانے والی کچھ شکر کو برداشت نہیں کرتے۔ INVOKANA® گولیوں میں لیکٹوز ہوتا ہے
- حاملہ ہیں یا بچہ پیدا کرنے کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں۔ INVOKANA® کو حمل کے دوران استعمال نہیں کیا جانا چاہئے
- دودھ پلارہی ہیں۔ INVOKANA® کو دودھ پلانے کے دوران استعمال نہیں کیا جانا چاہئے
- کی پیشاب کی نالی میں اکثر انفیکشن ہو جاتی ہیں

INVOKANA® کو 18 سال سے کم عمر افراد کے استعمال کے لیے تجویز نہیں کیا جاتا ۔

شوگر (گلوکوز) کے لیے آپ کے پیشاب کا ®INVOKANA ٹیسٹ مثبت آنے کا سبب بنے گی۔

INVOKANA® لینے سے آپ کی ہڈی ٹوٹنے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ اپنے ڈاکٹر سے ان عوامل کے بارے میں بات کریں جو آپ کے ہڈیوں کے ٹوٹنے کا خطرہ بڑھا سکتے ہیں۔

INVOKANA®لینے کے دوران، آپ کا ڈاکٹر گردے کے فعل، خون میں چربی کی سطح (کم کثافت لیپوپروٹین کولیسٹرول، یا "LDL-C")، خون میں سرخ خلیوں کی مقدار (ہیماٹوکریٹ) خون میں پوٹاشیم کی سطح کی جانچ پڑتال کے لئے خون ٹیسٹ کا حکم دے سکتا ہے۔

INVOKANA® ایک ایسی حالت کا سبب بن سکتا ہے جسے"پیرینیئم کا نیکروٹائزنگ فاسیائٹس" (مقعد اور اعضائے تولید کے درمیان اور اس کے آس پاس کا علاقہ) کہا جاتا ہے۔ یہ ایک شاذونادر ہونے والی، لیکن سنگین، ممکنہ طور پر جان لیوا انفیکشن ہے جو مرد اور عورت دونوں کو متاثر کرسکتی ہے۔ اسے "فورنیئر گینگرین" کے نام سے بھی جانا جاتا ہے، اس کے لئے فوری علاج کی ضرورت ہے۔ اگر آپ کو اعضائے تولید یا اعضائے تولید سے متصل حصے میں تکلیف، لالی، یا سوجن محسوس ہو رہی ہے، خاص طور پر تب آپ کو بخار بھی ہے یا آپ کو بہت کمزوری، تھکاوٹ، یا تکلیف محسوس ہورہی ہے تو فوری طور پر طبّی امداد طلب کریں۔ یہ فورنیئر کے گینگرین کی علامات ہوسکتی ہیں۔

اگر آپ سرجری کروانے جارہے ہیں اور آپ کی سرجری کے بعد، یا اگر آپ کو سنگین انفیکشن، سنگین طبّی بیماری یا کسی بڑی سرجری کے لئے ہسپتال داخل کرایا گیا ہے تو، آپ کا ڈاکٹر آپ کی ®INVOKANA موقوف کر سکتا ہے۔ اپنے ڈاکٹر سے بات کریں کہ®INVOKANA کب موقوف رکھنا ہے اور اسے دوبارہ کب شروع کرنا ہے۔ آپ کا ڈاکٹر آپ کے خون یا پیشاب میں کیٹونز کی جانچ کرے گا۔

INVOKANA® چکر آنے یا پَریشان دماغی کا سبب بن سکتا ہے۔ جب تک آپ کو یہ معلوم نہ ہو کہ دوا آپ کو کس طرح متاثر کرتی ہے تب تک گاڑی نہ چلائیں یا مشینری کا استعمال نہ کریں۔

## سنگین انتباہات اور احتیاطی تدابیر

### (DKA)

- (DKA) ایک سنگین اور جان لیوا کیفیت ہے جس کے لئے فوری طور پر ہسپتال میں داخل ہونا ضروری ہے۔ DKA کی اطلاع خون میں شوگر کی معمول کی یا بلند سطحات والے، ٹائپ 2 ذیابیطس والے ان مریضوں میں ملی کہے جن کا علاج ®INVOKANA کے ساتھ یا سوڈیم گلوکوز کو-ٹرانسپوٹر 2 انہیبیٹرز کے ساتھ کیا گیا ہے۔ DKA کےچند واقعات موت پر منتج ہوئے ہیں۔
- اگر آپ میں درج ذیل میں سے کوئی بھی علامات پائی جاتی ہیں (حتیٰ کہ اگر آپ کی بلڈ شوگر کی سطح معمول پر ہے): سانس لینے میں تکلیف، متلی، قے، پیٹ میں درد، بھوک میں کمی، الجھن، بہت پیاس لگنا، غیر معمولی طور پر تھکاوٹ یا نیند محسوس کرنا، سانس میں ایک میٹھی میٹھی سی خوشبو، منہ میں میٹھا یا دھاتی ذائقہ، یا پیشاب یا پسینے کی ایک مختلف بدبو ہو تو، فوری طور پر ®INVOKANA لینا بند کریں فوری اور طبّی امداد حاصل کریں۔
- اگر ذیابیطس کی وجہ سے گردے کی بیماری کی تاریخ رکھتے رہتے ہوئے بھی آپ ®INVOKANA استعمال کر رہے ہیں تو آپ کو DKA کا امکان زیادہ ہوسکتا ہے
- ٹائپ 1 ذیابیطس والے مریضوں کو ®INVOKANA استعمال نہیں کرنی چاہیۓ
- INVOKANA® کا استعمال DKA کے علاج کے لیے نہیں کیا جانا چاہیۓ یا اگر آپ کی DKA کی کوئی تاریخ ہے

## جسم کے نچلے حصے کے اعضاء کا کٹنا

- INVOKANA®آپ کے جسم کے نچلے حصے کے اعضاء کے کٹنے کے خطرے کو بڑھا سکتی ہے۔ قطع اعضاء میں بنیادی طور پر پنجوں یا پیر کے ایک حصے کو کاٹنا شامل ہے لیکن اس میں ٹانگ، گھٹنے سے نیچے یا اوپر، بھی شامل ہو سکتی ہے۔ کچھ لوگوں کے اعضاء ایک سے زیادہ بار کٹے تھے، کچھ لوگوں کے جسم کے دونوں اطراف
- اگر آپ کی ٹانگ یا پیر میں نیا درد یا ملائمت، کوئی زخم، السر یا انفیکشن ہے تو طبّی امداد حاصل کریں۔ اگر آپ میں ان نشانیوں یا علاماتِ مرض میں سے کوئی ہیں تو آپ کا ڈاکٹر ®INVOKANA کو روکنے کا فیصلہ کرسکتا ہے۔ اپنے ڈاکٹر سے پاؤں کی مناسب نگہداشت اور اسے نم رکھنے کے بارے میں بات کریں

## اپنے نمبر جاننا

معمول کے ٹیسٹوں سے آپ اور آپ کے ڈاکٹر کو یہ دیکھنے میں مدد مل سکتی ہے کہ آپ کی صحت کیسی ہے، اور آیا کہ آپ کے طرز زندگی میں یا دواؤں میں تبدیلی کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

آپ کا ڈاکٹر خون میں شوگر کے ٹیسٹ باقاعدگی کے ساتھ کروانے کی سفارش کر سکتا ہے، بشمول:

| | |
|---|---|
| **A1c** | یہ پچھلے 2 سے 3 ماہ کے دوران آپ کے بلڈ شوگر کنٹرول کی اوسط پیمائش ہے۔ |
| **FPG** | آپ کا FPG (یا "فاسٹ پلازما گلوکوز") کھانے سے پہلے آپ کی بلڈ شوگر کی سطح ہے۔ |
| **PPG** | آپ کا PPG (یا "کھانے کے بعد پلازما گلوکوز") آپ کی بلڈ شوگر کی سطح کھانے کے 2 گھنٹے بعد کی ہے۔ |

اپنے بلڈ شوگر کے اہداف کے ذاتی بارے میں اپنے ڈاکٹر سے بات کریں اور انہیں نیچے پر کریں:

| | A1c | FPG mmol/L | PPG mmol/L |
|---|---|---|---|
| ذیابیطس والے زیادہ تر مریضوں کے لیے تجویز کردہ اہداف: | 7.0% یا اس سے کم | 4.0 سے 7.0 تک | 5.0 سے 10.0 تک<br>(لیکن 5.0 تا 8.0 اگر A1c ہدف پر نہیں ہے) |
| میرے بلڈ شوگر کی سطح کے اہداف: | | | |

آپ کا ڈاکٹر eGFR ٹیسٹ کے ذریعے آپ کے گردے کے فعل کی جانچ کرسکتا ہے:

- آپ کا **eGFR** (یا "تخمینہ شدہ گلومیرولر فلٹریشن کی شرح") خون کی ایک جانچ ہے جو پیمائش کرتی ہے کہ آپ کے گردے کتنے اچھے طریقے سے اپنے خون فاضل مادوں فضلہ کو فلٹر کرنے کا اپنا کام انجام دے رہے ہیں۔ eGFR جتنا کم ہوگا، گردے اتنا ہی خراب کام کر رہے ہوں گے۔

اپنے گردے کے فعل کے موجودہ بارے میں اپنے ڈاکٹر سے پوچھیں اور ذیل میں بتائیں کہ eGFR کے تازہ ترین ٹیسٹ نے کیا ظاہر کیا ہے:

| eGFR ریفرنس کی حد (mL/min/1.73 m) | میرا گزشتہ eGFR نتیجہ: _____ | اس نتیجے کا مطلب یہ ہو سکتا ہے کہ گردے کا کام: |
|---|---|---|
| 90< | ❑ | نارمل<br>(گردے کو نقصان پہنچنے کی دیگر علامات کی بنیاد پر DKD کی تشخیص) |
| 89–60 | ❑ | قدرے نقصان ہوا ہے |
| 59–30 | ❑ | اعتدال میں کمی واقع ہوئی |
| 29–15 | ❑ | زیادہ نقصان ہوا ہے |
| 15> | ❑ | اسے گردے کی ناکامی یا آخری مرحلے پر گردوں کی بیماری" کہا جاتا ہے۔ |

## دیگر ٹیسٹ

اپنے ڈاکٹر سے دوسرے ٹیسٹوں کے بارے میں بات کریں جن کی وہ سفارش کرسکتے ہیں، جیسے وہ جانچ پڑتال کریں

❑ بلڈ پریشر ❑ کولیسٹرول کی سطح ❑ دیگر: ________________

## میرے ٹیسٹ کے نتائج

اپنے ٹیسٹ کے نتائج کو ایک ملاقات سے دوسری ملاقات تک جاننے کے لیے اس جگہ کا استعمال کریں۔ یہ ریکارڈ آپ اور آپ کی صحت کی نگہداشت کرنے والی ٹیم کو ہر وقت آپ کے حالات کے بارے میں جاننے میں مدد فراہم کرتا ہے، تاکہ ضرورت پڑنے پر آپ کے علاج معالجے کو ایڈجسٹ کیا جا سکے۔

| تاریخ | A1c نتائج (%) | eGFR نتائج (mL/min/1.73 m$^2$) | دیگر جانچوں کے نتائج |
|---|---|---|---|
| 8 اپریل | 6.9 | 64 | BP بلڈ پریشر: 120/80 mmHg |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |

نوٹس:

# ایام مرض کا انتظام

اگر آپ بیمار ہوجاتے ہیں اور جسم میں پانی کی مقدار برقرار رکھنے کے لیے وافر مقدار میں سیال نہیں پی پا رہے ہیں تو، آپ کو اپنے ہیلتھ کیئر فراہم کرنے والے سے بات کرنی چاہئے اور اس کے لئے ایک منصوبہ بنانا چاہئے کہ کیا کرنا ہے، بشمول کچھ ادویات عارضی طور پر روک دینے کا امکان۔

**اگر آپ بیمار ہوجائیں تو اپنے ہیلتھ کیئر فراہم کرنے والے کے ساتھ ایام مرض کا انتظامی پلان تیار کریں۔**


اس جگہ کا استعمال اپنی دوائیوں کی فہرست کے لیے کریں اور اگر آپ بیمار ہوجائیں تو کیا کریں:

| دوا | عمل |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

بغیر نسخے کے فروخت ہونے والی ادویات استعمال کرنے سے پہلے براہِ کرم اپنے فارماسسٹ سے پوچھ لیں اور اپنی ادویات میں ہونے والی تمام تبدیلیوں پر اپنے نگہداشتِ صحت کے ماہر سے تبادلۂ خیال کریں۔

ٹائپ 2 ذیابیطس یا ذیابیطس کی وجہ سے گردے کی بیماری سے متعلق مزید معلومات کے لئے ملاحظہ کریں:

**http://guidelines.diabetes.ca/patient-resources**




Pr Invokana®
canagliflozin tablets

دکھائی گئی تصاویر میں ماڈلز شامل ہیں اور وہ صرف وضاحتی مقاصد کے لئے استعمال ہو رہے ہیں۔

باہر کے دیگر تمام لوگوں کے مارکہ جات ان کے متعلقہ مالکان کے مارکہ جات ہیں۔

Janssen Inc. 19 Green Belt Drive | Toronto, Ontario | M3C 1L9 | www.janssen.com/canada
© 2021 Janssen Inc.
تمام مارکہ جات لائسنس کے تحت استعمال کردہ۔
CP-205029Z

MEMBER OF INNOVATIVE MEDICINES CANADA

janssen